


# نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ:خوشدل شاہ اور خرم منظور کا اپنی اپنی سنچریوں پر تبادلہ خیال

**راولپنڈی،10 اکتوبر2020ء:**

نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ کے سنسنی خیز مقابلوں میں چھکے چوکوں کی برسات جاری ہے۔ایونٹ کے 9 اکتوبر سے شروع ہونے والے دوسرے مرحلے کے دوسرے میچ میں سدرن پنجاب نے 217 رنز کا پہاڑ جیسا ہدف 8 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرکے ایونٹ کی رنگینی کو چار چاند لگادیئے۔

میچ میں دونوں ٹیموں نے جارحانہ کھیل کا مظاہرہ کیا، جہاں سندھ کے اوپنر اور ایونٹ کے ٹاپ اسکورر خرم منظور نے 10 چوکوں اور 6 چھکوں کی مدد سے 108 رنز کی اننگز کھیل کر سدرن پنجاب کو مشکلات کا دوچار کیا مگر جواب میں بنوں سے تعلق رکھنے والے 25 سالہ مڈل آرڈر بیٹسمین خوشدل شاہ نے 35 گیندوں پر دھواں دھار سنچری بنا کر میچ کا پانسہ پلٹ دیا۔بائیں ہاتھ کے بلے باز کی اننگز میں 9 چھکے اور 8 چوکے شامل تھے۔یہ نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ اور کسی بھی پاکستانی کی جانب سے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں تیز ترین سنچری ہے۔

اس شاندار میچ کے بعد پی سی بی ڈیجیٹل نے ان دونوں کھلاڑیوں نے اپنی اپنی سنچریوں اور پاور ہٹنگ کی صلاحیتوں پر تبادلہ خیال کیا ہے، جس کی تفصیلات مندرجہ ذیل ہیں:

**خوشدل شاہ:**

اب تک ایونٹ کے پانچ میچوں میں 191 رنز بنانے والے خوشدل شاہ کے رنز بنانے کی اوسط 38.20 جبکہ اسٹرائیک ریٹ 207.60 کا ہے۔ایونٹ میں ایک سنچری اور ایک نصف سنچری بنانے والے بائیں ہاتھ کے بیٹسمین اب تک ایونٹ میں 17

چوکے 13 چھکے لگا چکے ہیں۔

گزشتہ سال نومبر میں آسٹریلیا کے خلاف ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل ڈیبیو کرنے والے خوشدل شاہ کا کہنا ہے کہ سندھ کے خلاف میچ میں محض 32 رنز پر 3 وکٹیں گنوانے کی وجہ سے سدرن پنجاب کی ٹیم مشکلات کا شکار تھی مگر انہوں نے کریز پر جاتے ہی جارحانہ انداز اپنایا اور ابتداء میں ہی باؤنڈریز ملنے کے باعث ان کے اعتماد میں اضافہ ہوا۔

خوشدل شاہ نے کہا کہ میدان میں چھکے چوکوں کی برسات کرتے ہوئے انہیں بالکل اندازہ نہیں تھا کہ وہ قومی ریکارڈ قائم کر چکے ہیں مگر جو اعتماد اس اننگز سے انہیں ملا وہ ٹورنامنٹ میں اسے برقرار رکھنے کی کوشش کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہر اننگز میں کریز پر آتے ہی ابتدائی باؤنڈریز ان کی پسندیدہ شاٹس ہوتی ہیں کیونکہ اس سے ان کے اعتماد میں اضافہ ہوتا ہے۔

خوشدل شاہ نے کہا کہ وہ قدرتی طور پر ایک پاور ہٹر ہیں، وہ پہلے جنوبی افریقہ کے ڈیوڈ ملر اور اب انگلینڈ کے اوئن مورگن کی ویڈیوز یوٹیوب پر دیکھ کر پاور ہٹنگ کی صلاحیتوں میں نکھار لانے کی کوشش کرتے ہیں۔

**خرم منظور:**

اب تک ایونٹ کے پانچ میچوں میں 253 رنز بنانے والے خرم منظور کے رنز بنانے کی اوسط 50.60 جبکہ اسٹرائیک ریٹ 141.34 کا ہے۔ ایونٹ میں ایک سنچری اور 2 نصف سنچری بنانے والے ٹاپ اسکورر اب تک ایونٹ میں 31 چوکے 7 چھکے لگا چکے ہیں۔

کراچی سے تعلق رکھنے والے خرم منظور نے کہا کہ وہ ہر ایونٹ سے پہلے نیٹ پر اس فارمیٹ کی سخت پریکٹس کرتے ہیں اور ٹی ٹونٹی کرکٹ میں ان کی پاور ہٹنگ صلاحیتوں کا راز بھی یہی ہے۔

خرم منظور کا کہنا ہے فاسٹ باؤلرز کو پیڈل سوئیپ کرنا اور گیند کو کٹ کرنا انہیں بہت پسند ہے۔ دائیں ہاتھ کے اوپنر نے کہا کہ انگلینڈ کے کیون پیٹرسن ان کے آئیڈیل کرکٹر ہیں۔

انہوں نے مزید کہا کہ سدرن پنجاب کے خلاف میچ میں ٹاس ہارنے کے بعد انہوں نے زیادہ سے زیادہ رنز کا ہدف اسکور بورڈ پر سجانے کی حکمت عملی اپنائی تھی مگر خوشدل شاہ نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا، اپنے کرکٹ کیرئیر میں ایسی اننگز بہت کم دیکھی۔

– ENDS –


Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk


## About the National T20 Cup

- The 2020-21 season curtain-raiser under Covid-19 protocols will be held from 30 September to 18 October with the First XI matches in Multan and Rawalpindi, and Second XI matches in Lahore. Complete event and season's schedule available here

- Imad Wasim's Northern will defend the title they won in 2019-20 after defeating Balochistan in front of a packed-to-capacity Iqbal Stadium, Faisalabad. Other four sides are Central Punjab, Khyber Pakhtunkhwa, Sindh and Southern Punjab

- Pakistan's very best white-ball cricketers will feature in the competition. Complete player squads are available here.

- As part of the US$200million agreement with PTV Sports and I-Media Communications Services, the event will be produced by the PCB and broadcasted live on PTV Sports. Click here to read more about the three-year agreement

- The First XI event carries a total prize money of PKR9million with the winner collecting a cheque of PKR5million and the runner-up receiving PKR2.5million.

- With one eye on the ICC T20 World Cups 2021 and 2022 the First XI matches will be held on double-league, meaning each player will get a minimum of 10 matches to impress the national selectors as well as franchise owners for the HBL Pakistan Super League 2021

- With match fee for white-ball matches set at PKR40,000, the double-league format provides a high-performing player to earn, at least, PKR400,000. This is part of the PCB's strategy and commitment to enhance earning opportunities as well as to reward high-performing cricketers

- To know and understanding potential player earnings in the 2020-21 domestic season, please click here

## HELP PREVENT CORONAVIRUS





National Team Partners

Domestic Partners



www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealPCB

**PCB Headquarters**
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4